صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعہ 15 جنوری 2016ء

FR-10

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعہ 15 جنوری 2016ء 4 ربیع الثانی 1437 ہجری 15 صلح 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 13

اے چاند

اے چاند تجھ میں نور خدا ہے چمک رہا
جس سے کہ جامِ حُسن ترا ہے چھلک رہا
تیری زمین پاک ہے لوث گناہ سے
محفوظ خاک ہے تری ہر روسیاہ سے
تو زیر تابش رخ انور ہے روز و شب
ظلمت کدہ میں لوٹ رہا ہوں میں دم بہ لب

(حضرت مصلح موعود)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

انسان اللہ تعالیٰ کی رضا کے تابع اپنی رضا کرلے۔ مگر سچ یہ ہے کہ یہ مقام انسان کی اپنی قوت سے نہیں مل سکتا ہاں اس میں کلام نہیں کہ انسان کا فرض ہے کہ وہ مجاہدات کرے لیکن اس مقام کے حصول کا اصل اور سچا ذریعہ دعا ہے انسان کمزور ہے جب تک دعا سے قوت اور تائید نہیں پاتا اس دشوار گزار منزل کو طے نہیں کرسکتا۔ خود اللہ تعالیٰ انسان کی کمزوری اور اس کے ضعف حال کے متعلق ارشاد فرماتا ہے............یعنی انسان ضعیف اور کمزور بنایا گیا ہے۔ پھر باوجود اس کی کمزوری کے اپنی ہی طاقت سے ایسے عالی درجہ اور ارفع مقام کے حاصل کرنے کا دعویٰ کرنا سراسر خام خیالی ہے۔ اس کے لئے دعا کی بہت بڑی ضرورت ہے دعا ایک زبردست طاقت ہے جس سے بڑے بڑے مشکل مقام حل ہوجاتے ہیں اور دشوار گزار منزلوں کو انسان بڑی آسانی سے طے کر لیتا ہے۔ کیونکہ دعا اس فیض اور قوت کے جذب کرنے والی نالی ہے جو اللہ تعالیٰ سے آتا ہے۔ جو شخص کثرت سے دعاؤں میں لگا رہتا ہے۔ وہ آخر اس فیض کو کھینچ لیتا ہے اور خدا تعالیٰ سے تائید یافتہ ہوکر اپنے مقاصد کو پا لیتا ہے۔

ہاں نِری دعا خدا تعالیٰ کا منشاء نہیں ہے بلکہ اول تمام مساعی اور مجاہدات کو کام میں لائے اور اس کے ساتھ دعا سے کام لے۔ اسباب سے کام لے اسباب سے کام نہ لینا اور نری دعا سے کام لینا یہ آداب الدعا سے ناواقفی ہے اور خدا تعالیٰ کو آزمانا ہے اور نرے اسباب پر گر رہنا اور دعا کو لاشے محض سمجھنا یہ دہریت ہے یقیناً سمجھو کہ دعا بڑی دولت ہے جو شخص دعا کو نہیں چھوڑتا اس کے دین اور دنیا پر آفت نہ آئے گی وہ ایک ایسے قلعہ میں محفوظ ہے جس کے اردگرد مسلح سپاہی ہر وقت حفاظت کرتے ہیں۔ لیکن جو دعاؤں سے لاپروا ہے وہ اس شخص کی طرح ہے جو خود بے ہتھیار ہے اور اس پر کمزور بھی ہے اور پھر ایسے جنگل میں ہے جو درندوں اور موذی جانوروں سے بھرا ہوا ہے۔ وہ سمجھ سکتا ہے کہ اس کی خیر ہرگز نہیں ہے۔ ایک لمحہ میں وہ موذی جانوروں کا شکار ہوجائے گا اور اس کی ہڈی بوٹی نظر نہ آئے گی اس لئے یاد رکھو کہ انسان کی بڑی سعادت اور اس کی حفاظت کا اصل ذریعہ یہی دعا ہے۔ یہی دعا اس کے لئے پناہ ہے اگر وہ ہر وقت اس میں لگا رہے۔ (الحکم 24 ستمبر 1904ء ص4)

دعا (دین) کا خاص فخر ہے اور............کو اس پر بڑا ناز ہے۔ مگر یہ یاد رکھو کہ یہ دعا زبانی بک بک کا نام نہیں ہے بلکہ یہ وہ چیز ہے کہ دل خدا تعالیٰ کے خوف سے بھر جاتا ہے اور دعا کرنے والے کی روح پانی کی طرح بہہ کر آستانہ الوہیت پر گرتی ہے اور اپنی کمزوریوں اور لغزشوں کے لئے قوی اور مقتدر خدا سے طاقت اور قوت اور مغفرت چاہتی ہے اور یہ وہ حالت ہے کہ دوسرے الفاظ میں اس کو موت کہہ سکتے ہیں۔ جب یہ حالت میسر آجاوے تو یقیناً سمجھو کہ باب اجابت اس کے لئے کھولا جاتا ہے اور خاص قوت اور فضل اور استقامت بدیوں سے بچنے اور نیکیوں پر استقلال کے لئے عطا ہوتی ہے۔ یہ ذریعہ سب سے بڑھ کر زبردست ہے۔

مگر بڑی مشکل یہ ہے کہ لوگ دعا کی حقیقت اور حالت سے محض ناواقف ہیں اور اسی وجہ سے اس زمانہ میں بہت سے لوگ اس سے منکر ہوگئے ہیں کیونکہ وہ ان تاثیرات کو نہیں پاتے اور منکر ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ جو کچھ ہونا ہے وہ تو ہونا ہی ہے پھر دعا کی کیا حاجت ہے؟ مگر میں خوب جانتا ہوں کہ یہ تو نرا بہانہ ہے انہیں چونکہ دعا کا تجربہ نہیں اس کی تاثیرات پر اطلاع نہیں اس لئے اس طرح کہہ دیتے ہیں ورنہ اگر وہ ایسے ہی متوکل ہیں تو پھر بیمار ہوکر علاج کیوں کرتے ہیں...... جب کہ دوسری اشیاء میں تاثیرات موجود ہیں تو کیا وجہ ہے کہ باطنی دنیا میں تاثیرات نہ ہوں۔ جن میں سے دعا ایک زبردست چیز ہے۔ (الحکم 17 جنوری 1905ء ص2)

ماں کی تربیت

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

ماں کی تربیت ایک نہایت اہم چیز ہے۔ مرد کا کام موجودہ زمانہ کی اصلاح کرنا ہے عورت کا کام آئندہ زمانہ کی اصلاح کرنا ہے۔ یہ صاف ظاہر ہے کہ اِن دونوں میں کسی ایک کو دوسرے پر ترجیح نہیں دی جاسکتی۔ بے شک موجودہ کام مرد کرتے ہیں لیکن آئندہ دَور کی تعمیر عورتیں کرتی ہیں۔ اگر عورتوں نے آئندہ نسل کی صحیح تربیت نہیں کی ہوگی اور ایسے قائمقام پیدا نہیں کئے ہونگے جو دین اور تقویٰ سے متاثر ہوں تو مردوں کی تمام کوششیں اکارت چلی جائیں گی۔ پس عورت کی ذمہ داری مرد سے کم نہیں...... اگر عورتیں اپنی ذمہ داری نہ سمجھیں تو آئندہ نسل کی صحیح تربیت نہیں ہوسکتی۔ اور جب تک آئندہ نسل کی صحیح تربیت نہ ہو اُس وقت تک قومی ترقی نہیں ہوسکتی۔

(مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

عطیہ برائے انسٹیٹیوٹ فار سپیشل ایجوکیشن ربوہ

انسٹیٹیوٹ فار سپیشل ایجوکیشن ربوہ نظارت تعلیم کا ایسا منصوبہ ہے جو خصوصی بچوں کی بہبود اور تعلیم و تربیت کے لئے نومبر 2013ء سے کوشاں ہے۔ اس وقت 88 بچے اس انسٹیٹیوٹ میں زیر تعلیم ہیں ان بچوں کو معاشرے کا مفید وجود بنانے کے لئے ہمارے انسٹیٹیوٹ کا جملہ سٹاف نہ صرف بھرپور کوشش کرتا ہے بلکہ ہر طرح کی فزیوتھراپی اور میڈیکل ایڈ بھی فراہم کی جاتی ہے۔ یہ اپنی نوعیت کا واحد ادارہ ہے جو ربوہ میں کام کر رہا ہے۔ احباب جماعت اپنے عطیہ جات براہ راست خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد ''عطیہ سپیشل سکول'' اکاؤنٹ نمبر 2866014 یا مقامی جماعتوں میں مد ''سپیشل سکول'' کے نام سے جمع کرواسکتے ہیں۔

فون نمبرز: 0092-47-6212473, 47-6215448

Email:info@nazarattaleem.org

Website:www.nazarattaleem.org

(نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

سب سے ذاتی تعلق۔ سب کے لئے روزانہ دعا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خلافت اور دنیاوی لیڈروں کے درمیان فرق بیان کرتے ہوئے خطبہ جمعہ 6 جون 2014ء میں فرماتے ہیں۔

کون سا ڈکٹیٹر ہے جو اپنے ملک کی رعایا سے ذاتی تعلق بھی رکھتا ہو۔ خلیفۂ وقت کا تو دنیا میں پھیلے ہوئے ہر قوم اور ہر نسل کے احمدی سے ذاتی تعلق ہے۔ ان کے ذاتی خطوط آتے ہیں جن میں ان کے ذاتی معاملات کا ذکر ہوتا ہے۔ ان روزانہ کے خطوط کو ہی اگر دیکھیں تو دنیا والوں کے لئے ایک یہ ناقابل یقین بات ہے۔ یہ خلافت ہی ہے جو دنیا میں بسنے والے ہر احمدی کی تکلیف پر توجہ دیتی ہے۔ ان کے لئے خلیفۂ وقت دعا کرتا ہے۔

کون سا دنیاوی لیڈر ہے جو بیماروں کے لئے دعائیں بھی کرتا ہو۔ کون سا لیڈر ہے جو اپنی قوم کی بچیوں کے رشتوں کے لئے بے چین اور ان کے لئے دعا کرتا ہو۔ کون سا لیڈر ہے جس کو بچوں کی تعلیم کی فکر ہو۔ حکومت بیشک تعلیمی ادارے بھی کھولتی ہے۔ صحت کے ادارے بھی کھولتی ہے۔ تعلیم تو مہیا کرتی ہے لیکن بچوں کی تعلیم جو اس دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں ان کی فکر صرف آج خلیفۂ وقت کو ہے۔ جماعت احمدیہ کے افراد ہی وہ خوش قسمت ہیں جن کی فکر خلیفۂ وقت کو رہتی ہے کہ وہ تعلیم حاصل کریں۔ ان کی صحت کی فکر خلیفۂ وقت کو رہتی ہے۔ رشتے کے مسائل ہیں۔ غرض کہ کوئی مسئلہ بھی دنیا میں پھیلے ہوئے احمدیوں کا چاہے وہ ذاتی ہو یا جماعتی ایسا نہیں جس پر خلیفۂ وقت کی نظر نہ ہو اور اس کے حل کے لئے وہ عملی کوشش کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے حضور جھکتا نہ ہو۔ اس سے دعائیں نہ مانگتا ہو۔ مَیں بھی اور میرے سے پہلے خلفاء بھی یہی کچھ کرتے رہے۔

مَیں نے ایک خاکہ کھینچا ہے بے شمار کاموں کا جو خلیفہ وقت کے سپرد خدا تعالیٰ نے کئے ہیں اور انہیں اس نے کرنا ہے۔ **دنیا کا کوئی ملک نہیں جہاں رات سونے سے پہلے چشم تصور میں مَیں نہ پہنچتا ہوں اور ان کے لئے سوتے وقت بھی اور جاگتے وقت بھی دعا نہ ہو۔** یہ مَیں باتیں اس لئے نہیں بتا رہا کہ کوئی احسان ہے۔ یہ میرا فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ اس سے بڑھ کر مَیں فرض ادا کرنے والا بنوں۔

(الفضل یکم اگست 2014ء)

اردو کے ضرب المثل اشعار

مجھے جبلّتِ پرواز نے خراب کیا
وگرنہ میرا ستاروں سے کیا تعلق تھا

ملتے ہی نظر تم سے ہم ہو گئے دیوانے
آغاز تو اچھا ہے، انجام خدا جانے

خطبہ نکاح مورخہ 18 جون 2013ء بمقام: بیت الفضل لندن

بیان فرمودہ: سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ

تشہد و تعوذ اور مسنون آیات قرآنیہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

اس وقت میں جس نکاح کا اعلان کروں گا یہ عزیزہ رضوانہ اسلم بنت مکرم محمد اسلم صاحب لنگا یوکے کا ہے جو عزیزم احسان نصیر ابن مکرم سفیر احمد قریشی صاحب کے ساتھ دس ہزار پاؤنڈ حق مہر پر طے پایا ہے۔

لڑکے کے والد بھی واقفِ زندگی ہیں اور ان کے دادا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی کار چلایا کرتے تھے اور قریشی نذیر احمد صاحب ان کا نام تھا۔ بڑا پرانا خدمت گار خاندان ہے۔ جو رشتہ آج قائم ہو رہا ہے اللہ تعالیٰ ان کو بھی ایک تو اپنے رشتے نبھانے کا حق ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ دوسرے آئندہ نسلوں کو بھی اپنے باپ دادا کی طرح جماعت اور خلافت سے اخلاص و وفا کا تعلق رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ان الفاظ کے بعد اب میں نکاح کا اعلان کرتا ہوں۔

اعلان نکاح اور فریقین کے درمیان ایجاب و قبول کروانے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس رشتہ کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کروائی اور فریقین کو شرف مصافحہ بخشتے ہوئے مبارک باد دی۔

(مرتبہ: مکرم ظہیر احمد خان صاحب مربی سلسلہ)

غزل

گلشن کی آب و تاب تمہارے لئے تو ہے
پھولوں پہ یہ شباب تمہارے لئے تو ہے

پھیلی ہے جس کی خوشبو سے عالم میں اک بہار
ہاں وہ حسیں گلاب تمہارے لئے تو ہے

تیرے لئے ہی بکھری ہے پرنُور چاندنی
یہ حسن ماہتاب تمہارے لئے تو ہے

چلتی ہے جس کی گلیوں میں مہکی ہوئی ہوا
وہ شہر لاجواب تمہارے لئے تو ہے

اک اک حرف ہے جس کا گلوں سے سجا ہوا
وہ چاہتوں کا باب تمہارے لئے تو ہے

دیتی ہے قلب و ذہن کو جو فکر و آگہی
وہ دلنشیں کتاب تمہارے لئے تو ہے

گونجے ہے شرق و غرب میں جس کی صدائے حق
اُس کا ہر اک خطاب تمہارے لئے تو ہے

روشن ہے یہ جہان صداقت کے نُور سے
یہ سارا انقلاب تمہارے لئے تو ہے

عبدالصمد قریشی

والدین سے حسن سلوک کی تعلیم اور پاکیزہ نمونے

مکرم رحمت اللہ بندیشہ صاحب

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ:

ترجمہ: اور تیرے ربّ نے فیصلہ صادر کر دیا ہے کہ تم اُس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور والدین سے احسان کا سلوک کرو۔ اگر ان دونوں میں سے کوئی ایک تیرے پاس بڑھاپے کی عمر کو پہنچے یا وہ دونوں ہی، تو انہیں اُف تک نہ کہہ اور انہیں ڈانٹ نہیں اور انہیں نرمی اور عزت کے ساتھ مخاطب کر۔ اور ان دونوں کے لئے رحم سے عجز کا پَر جُھکا اور کہہ کہ اے میرے ربّ! ان دونوں پر رحم کر جس طرح ان دونوں نے بچپن میں میری تربیت کی۔

(بنی اسرائیل:25,24)

اللہ تعالیٰ نے والدین سے حسن سلوک کے بارہ میں بڑی تاکید فرمائی ہے سوائے اس کے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے سے روکیں۔ یا شرک کی تعلیم دیں۔ اس کے علاوہ ہر بات میں ان کی اطاعت کا حکم ہے۔ اور یہ حکم اس لئے ہے کہ جو خدمت انہوں نے بچپن میں ہماری کی ہے اس کا بدلہ تو ہم نہیں اتار سکتے۔ اس لئے یہ حکم ہے کہ ان کی خدمت کے ساتھ ساتھ ان کے لئے دعا بھی کرو کہ اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے اور بڑھاپے کی اس عمر میں بھی ان کو ہماری طرف سے کسی قسم کا کبھی کوئی دکھ نہ پہنچے۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ خدمت اور دعا کے باوجود یہ نہ سمجھ لیں کہ ہم نے ان کی بہت خدمت کر لی اور ان کا حق ادا ہو گیا۔ اس کے باوجود بچے جو ہیں اس قابل نہیں کہ والدین کا وہ احسان اتار سکیں جو انہوں نے بچپن میں ان پر کیا۔

حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ نے بتایا میری والدہ آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں میرے پاس صلہ رحمی کا تقاضا کرتے ہوئے آئی تو میں نے نبی ﷺ سے اس کے بارہ میں دریافت کیا کہ کیا میں اپنی مشرک والدہ سے صلہ رحمی کروں؟ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ''ہاں''۔

(بخاری۔ کتاب الھبة۔ باب الھدیة المشرکین)

حضرت اَبُو اُسَید اَلسَّاعِدِیؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے کہ بنی سلمہ کا ایک شخص حاضر ہوا اور پوچھنے لگا کہ یا رسول اللہ! والدین کی وفات کے بعد کوئی ایسی نیکی ہے جو میں ان کے لئے کر سکوں؟ آپؐ نے فرمایا ہاں کیوں نہیں۔ تم ان کے لئے دعائیں کرو۔ ان کے لئے بخشش طلب کرو، انہوں نے جو وعدے کسی سے کر رکھے تھے انہیں پورا کرو۔ ان کے عزیز و اقارب سے اسی طرح صلہ رحمی اور حسن سلوک کرو جس طرح وہ اپنی زندگی میں ان کے ساتھ کیا کرتے تھے اور ان کے دوستوں کے ساتھ عزت و اکرام کے ساتھ پیش آؤ۔

(ابو داؤد۔ کتاب الادب۔ باب فی بر الوالدین)

تو یہ ہے ماں باپ سے حسن سلوک کہ زندگی میں تو جو کرنا ہے وہ تو کرنا ہی ہے، مرنے کے بعد بھی ان کے لئے دعائیں کرو، ان کے لئے مغفرت طلب کرو اور اس کے علاوہ ان کے وعدوں کو بھی پورا کرو، ان کے قرضوں کو بھی اتارو۔

آنحضرت ﷺ کی رضاعی والدہ حلیمہ مکہ آئیں اور رسول اللہ سے مل کر قحط اور مویشیوں کی ہلاکت کا ذکر کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت خدیجہؓ سے مشورہ کیا اور رضاعی ماں کو چالیس بکریاں اور ایک اونٹ مال سے لدا ہوا دیا۔

(طبقات ابن سعد جلد اول صفحہ 113 مطبوعہ بیروت 1960)

اب خدمت صرف حقیقی والدین کی نہیں ہے بلکہ ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ کا اسوۂ حسنہ تو یہ ہے کہ اپنی رضاعی والدہ کی بھی زیادہ سے زیادہ خدمت کرنی ہے اور اس کوشش میں لگے رہنا ہے کہ کسی طرح میں حق ادا کروں۔

حضرت ابو طفیلؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو مقام جِعْرانہ میں دیکھا۔ آپؐ گوشت تقسیم فرما رہے تھے۔ اس دوران ایک عورت آئی تو رسول اللہؐ نے اس کے لئے اپنی چادر بچھا دی اور وہ عورت اس پر بیٹھ گئی۔ میں نے لوگوں سے پوچھا کہ یہ خاتون کون ہے جس کی رسول اللہؐ اس قدر عزت افزائی فرما رہے ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ آنحضور ﷺ کی رضاعی والدہ ہیں۔

(ابو داؤد۔ کتاب الادب۔ باب فی بر الوالدین)

ایک بار رسول اللہؐ تشریف فرما تھے کہ آپ کے رضاعی والد آئے۔ رسول اللہؐ نے ان کے لئے چادر کا ایک پلّو بچھا دیا۔ پھر آپ کی رضاعی ماں آئیں تو آپؐ نے دوسرا پلّو بچھا دیا۔ پھر آپ کے رضاعی بھائی آئے تو آپؐ اٹھ کھڑے ہوئے اور ان کو اپنے سامنے بٹھا لیا۔

(سنن ابوداؤد کتاب الادب با ب برالوالدین)

پوری کی پوری چادر اپنے رضاعی رشتہ داروں کے لئے دے دی اور آپؐ ایک طرف ہو کر بیٹھ گئے۔ تو یہ عزت اور احترام اور تکریم ہے جس کا نمونہ آپ ﷺ نے پیش فرمایا۔ نہ صرف یہ کہ رضاعی والدین کا احترام فرما رہے ہیں بلکہ جب رضاعی بھائی آتا ہے تو اس کے لئے بھی خاص اہتمام سے جگہ خالی کر رہے ہیں۔ اور یہ تمام عزت و احترام اس لئے ہے کہ آپؐ نے جس عورت کا کچھ عرصہ دودھ پیا تھا دوسرے لوگ بھی اس کی طرف منسوب ہیں، اس کے عزیز ہیں۔ آج کل تو بعض جگہ دیکھا گیا ہے کہ قریبی عزیز بھی آ جائیں تو بچے اگر کرسیوں پر بیٹھے ہیں تو بیٹھے رہتے ہیں، کوئی جگہ خالی نہیں کرتا۔ اور ان بچوں کے بڑے بھی یہ نہیں کہتے کہ اٹھو بچو، بڑے آئے ہیں ان کے لئے جگہ خالی کر دو۔ تو یہ مثالیں صرف قصے کہانیوں کے لئے نہیں دی جاتیں بلکہ اس لئے ہوتی ہیں کہ ان پر عمل کیا جائے۔ یہ حسین تعلیم ہمارے لئے عمل کرنے کے لئے ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا، مٹی میں ملے اس کی ناک۔ مٹی میں ملے اس کی ناک (یہ الفاظ آپؐ نے تین دفعہ دہرائے) لوگوں نے عرض کیا کہ رسول اللہؐ کون؟ آپؐ نے فرمایا وہ شخص جس نے اپنے بوڑھے ماں باپ کو پایا اور پھر ان کی خدمت کر کے جنت میں داخل نہ ہو سکا۔

(مسلم۔ کتاب البر والصلة۔ باب رغم انف من ادرك ابويه)

تو یہ دیکھیں کس قدر ڈرایا گیا ہے، آپ نے کس طرح بیزاری کا اظہار فرمایا ہے بلکہ ایک طرح لعنت ہی ڈالی گئی ہے ایسے شخص پر کہ جنت میں جانے کے مواقع ملنے کے باوجود اس سے فائدہ نہیں اٹھایا کہ تم پر پھٹکار ہو خدا کی۔ اللہ تعالیٰ تمام ایسے بگڑے ہوؤں کو جو اپنے ماں باپ سے بدسلوکی کرتے ہیں راہ راست پر لائے۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنے ماں باپ کی عزت نہیں کرتا اور امور معروفہ میں جو خلاف قرآن نہیں ہیں ان کی بات کو نہیں مانتا اور ان کی تعہد خدمت سے لاپرواہ ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ لوگوں میں سے میرے حسن سلوک کا کون زیادہ مستحق ہے؟ آپؐ نے فرمایا: تیری ماں۔ پھر اس نے پوچھا پھر کون؟ آپؐ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے پوچھا پھر کون؟ آپؐ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے چوتھی بار پوچھا اس کے بعد کون؟ آپؐ نے فرمایا ماں کے بعد تیرا باپ تیرے حسن سلوک کا زیادہ مستحق ہے۔ پھر درجہ بدرجہ قریبی رشتہ دار۔

(بخاری۔ کتاب الادب۔ باب من احق الناس بحسن الصحبة)

ایک روایت ہے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا قول ہے کہ رب کی رضا باپ کی رضامندی میں ہے، اور رب کی ناراضگی باپ کی ناراضگی میں ہے۔

(الادب المفرد للبخاری۔ باب قوله تعالیٰ و وصينا الانسان بوالديه حسنا)

حضرت عبداللہؓ بن عمرو سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے ماں باپ کو گالی دینا کبیرہ گناہ ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول، کوئی شخص اپنے ماں باپ کو بھی گالی دے سکتا ہے؟ فرمایا: ہاں وہ دوسرے آدمی کے ماں اور باپ کو گالی دیتا ہے تو اپنے ہی ماں باپ کو گالی دیتا ہے۔

(صحیح مسلم کتاب الایمان)

کیونکہ وہ بھی جواب میں گالی دے گا۔ تو اس سے ایک سبق تو یہ ملا کہ گالی نہیں دینی اور دوسرے یہ کہ اپنے ماں باپ کو دعائیں دلوانی ہیں تو اپنے اعلیٰ اخلاق کے نمونے دکھلاؤ۔ تمہارے سے واسطہ رکھنے والے یہ کہیں کہ اللہ اس کے والدین کو جزاء دے جس نے اپنے بچوں کی ایسی اعلیٰ تربیت کی ہے۔

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جس شخص کی خواہش ہو کہ اس کی عمر لمبی ہو اور اس کا رزق بڑھا دیا جائے تو اس کو چاہئے کہ اپنے والدین سے حسن سلوک کرے اور صلہ رحمی کی عادت ڈالے۔

(مسند احمد۔ جلد3۔ صفحہ نمبر 266۔ مطبوعہ بیروت)

تو یہاں عمر بڑھانے کا اور رزق میں برکت کا ایک اصول بتا دیا گیا ہے کہ اگر کشائش چاہتے ہو، اپنے بچوں کی دور دور کی خوشیاں دیکھنا چاہتے ہو تو والدین سے حسن سلوک کرو۔ ان کے تم پر جو احسانات ہیں انہیں یاد رکھو۔ یاد رکھو کہ بچپن میں تمہیں انہوں نے بڑی تکلیف سے پالا ہے۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:

''وَیُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّہٖ ...... (الدھر: 9) اس آیت میں مسکین سے مراد والدین بھی ہیں کیونکہ وہ بوڑھے اور ضعیف ہو کر بے دست و پا ہو جاتے ہیں اور محنت مزدوری کر کے اپنا پیٹ پالنے کے قابل نہیں رہتے۔ اس وقت ان کی خدمت ایک مسکین کی خدمت کے رنگ میں ہوتی ہے اور اسی طرح اولاد جو کمزور ہوتی ہے اور کچھ نہیں کر سکتی اگر یہ اس کی تربیت اور پرورش کے سامان نہ کرتے تو وہ گویا یتیم ہی ہے۔ پس ان کی خبرگیری اور پرورش کا تہیہ اس اصول پر کرے تو ثواب ہوگا''

(ڈائری حضرت مسیح موعود 27 فروری 1904ء)

ملفوظات میں لکھا ہے کہ حضرت مسیح موعود سے ظہر کے وقت ایک نووارد صاحب نے ملاقات کی اور آپ نے ان کو تاکید سے فرمایا کہ وہ اپنے والد کے حق میں جو سخت مخالف ہیں دعا کیا کریں انہوں نے عرض کی کہ حضور میں دعا کیا کرتا ہوں اور حضور کی خدمت میں بھی دعا کے لئے ہمیشہ لکھا کرتا ہوں حضرت اقدس نے فرمایا کہ۔

''توجہ سے دعا کرو باپ کی دعا بیٹے کے واسطے اور بیٹے کی دعا باپ کے واسطے قبول ہوا کرتی ہے اگر آپ بھی توجہ سے دعا کریں تو اس وقت ہماری دعا کا بھی اثر ہوگا''۔

(ڈائری حضرت مسیح موعود 8 نومبر 1902ء)

بٹالہ کے سفر کے دوران حضرت اقدس، شیخ عبدالرحمٰن صاحب قادیانی سے ان کے والد صاحب کے حالات دریافت فرماتے رہے اور نصیحت فرمائی کہ:

''ان کے حق میں دعا کیا کرو ہر طرح اور حتی الوسع والدین کی دلجوئی کرنی چاہئے اور ان کو پہلے سے ہزار چند زیادہ اخلاق اور اپنا پاکیزہ نمونہ

دکھلا کر (دین حق) کی صداقت کا قائل کرو۔ اخلاقی نمونہ ایسا معجزہ ہے کہ جس کی دوسرے معجزے برابری نہیں کرسکتے سچے (دین) کا یہ معیار ہے کہ اس سے انسان اعلیٰ درجے کے اخلاق پر ہو جاتا ہے اور وہ ایک ممیّز شخص ہوتا ہے شاید خدا تعالیٰ تمہارے ذریعہ ان کے دل میں (دین) کی محبت ڈال دے۔ (دین) والدین کی خدمت سے نہیں روکتا۔ دنیوی امور جن سے دین کا حرج نہیں ہوتا ان کی ہر طرح سے پوری فرمانبرداری کرنی چاہئے۔ دل و جاں سے ان کی خدمت بجالاؤ‘‘

(ڈائری حضرت مسیح موعود 7 نومبر 1902ء)

پھر فرمایا کہ: صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو بھی بعض ایسے مشکلات آ گئے تھے کہ دینی مجبوریوں کی وجہ سے ان کی ان کے والدین سے نزاع ہوگئی تھی۔ بہرحال تم اپنی طرف سے ان کی خیریت اور خبر گیری کے واسطے ہر وقت تیار رہو جب کوئی موقع ملے اسے ہاتھ سے نہ دو۔ تمہاری نیت کا ثواب تم کو مل رہے گا۔ اگر محض دین کی وجہ سے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کو مقدم کرنے کے واسطے والدین سے الگ ہونا پڑا ہے تو یہ ایک مجبوری ہے۔ اصلاح کو مدنظر رکھو اور نیت کی صحت کا لحاظ رکھو اور ان کے حق میں دعا کرتے رہو۔ یہ معاملہ کوئی آج نیا نہیں پیش آیا حضرت ابراہیمؑ کو بھی ایسا ہی واقعہ پیش آیا تھا۔ بہرحال خدا کا حق مقدم ہے۔ پس خدا کو مقدم کرو اور اپنی طرف سے والدین کے حقوق ادا کرنے کی کوشش میں لگے رہو اور اُن کے حق میں دعا کرتے رہو اور صحت نیت کا خیال رکھو۔

پھر فرمایا کہ اگر دین کی وجہ سے اختلاف پیدا ہو جاتا ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ان کے حقوق ادا کرنے چھوڑ دو۔ تمہارے جو فرائض ہیں وہ تم پورا کرو اور ان کے لئے دعا بھی کرتے رہو۔ شاید کسی وقت تمہاری دعائیں سنی جائیں اور اللہ تعالیٰ ان کو بھی راہ ہدایت دکھا دے۔ ان کو بھی اس کا پتہ چل جائے۔

پھر حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کی والدہ کے بارہ میں ہے کہ وہ قادیان آئی ہوئی ہیں۔ انہوں نے اپنی والدہ کی پیری اور ضعف کا اور ان کی خدمت کا جو وہ کرتے ہیں ذکر کیا یعنی بڑھاپے اور کمزوری کا تو حضرت نے فرمایا:

’’والدین کی خدمت ایک بڑا بھاری عمل ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ دو آدمی بڑے بدقسمت ہیں۔ ایک وہ جس نے رمضان پایا اور رمضان گزر گیا پر اس کے گناہ نہ بخشے گئے اور دوسرا وہ جس نے والدین کو پایا اور والدین گزر گئے اور اس کے گناہ نہ بخشے گئے۔ والدین کے سایہ میں جب بچہ ہوتا ہے تو اس کے تمام ہم و غم والدین اٹھاتے ہیں۔ جب انسان خود دنیوی امور میں پڑتا ہے تب انسان کو والدین کی قدر معلوم ہوتی ہے۔ خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں والدہ کو مقدم رکھا ہے، کیونکہ والدہ بچہ کے واسطے بہت دکھ اٹھاتی ہے۔ کیسی ہی متعدی بیماری بچہ کو ہو۔ چیچک ہو، ہیضہ ہو، طاعون ہو، ماں اس کو چھوڑ نہیں سکتی‘‘۔

پھر حضرت اماں جان کی مثال دیتے ہوئے فرماتے ہیں: ’’ہماری لڑکی کو ایک دفعہ ہیضہ ہو گیا تھا ہمارے گھر سے اس کی تمام قے وغیرہ اپنے ہاتھ پر لیتی تھیں۔ ماں سب تکالیف میں بچہ کی شریک ہوتی ہے۔ یہ طبعی محبت ہے۔ جس کے ساتھ کوئی دوسری محبت مقابلہ نہیں کرسکتی۔ خدا تعالیٰ نے اسی کی طرف قرآن شریف میں اشارہ کیا ہے کہ إِنَّ اللّٰـهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالإِحْسَانِ ......(النحل:91)۔‘‘

(ڈائری حضرت مسیح موعود 27 تا 31 مئی 1905ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز حضرت اقدس مسیح موعود کی بیان فرمودہ ایک مثال بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں ’’کسی ہندو نے بڑی تکلیف برداشت کرکے اپنے لڑکے کو بی اے یا ایم اے کرایا اور اس ڈگری کو حاصل کرنے کے بعد وہ ڈپٹی ہوگیا۔ آجکل ڈپٹی ہونا کوئی بڑا اعزاز نہیں سمجھا جاتا لیکن پہلے وقتوں میں ڈپٹی ہونا بھی بڑی بات تھی۔ اُس کے باپ کو خیال آیا کہ میرا لڑکا ڈپٹی ہوگیا ہے میں بھی اُس سے مل آؤں۔ چنانچہ جس وقت وہ ہندو اپنے بیٹے کو ملنے کے لئے مجلس میں پہنچا تو اس وقت اُس کے پاس وکیل اور بیرسٹر وغیرہ بیٹھے ہوئے تھے۔ یہ بھی اپنی غلیظ دھوتی کے ساتھ ایک طرف بیٹھ گیا۔ باتیں ہوتی رہیں کسی شخص کو اس غلیظ آدمی کا بیٹھنا برا محسوس ہوا اور اُس نے پوچھا کہ ہماری مجلس میں یہ کون آ بیٹھا ہے۔ ڈپٹی صاحب اس کی یہ بات سن کر کچھ جھینپ سے گئے اور شرمندگی سے بچنے کے لئے کہنے لگے یہ ہمارے ٹہلیا ہیں۔ باپ اپنے بیٹے کی یہ بات سن کر غصے کے ساتھ جل گیا اور اپنی چادر سنبھالتے ہوئے اُٹھ کھڑا ہوا اور کہنے لگا۔ جناب میں ان کا ٹہلیا نہیں ان کی ماں کا ٹہلیا ہوں‘‘۔

حضرت مصلح موعود یہ واقعہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ۔ ’’ساتھ والوں کو جب معلوم ہوا کہ یہ ڈپٹی صاحب کے والد ہیں تو انہوں نے اس کو بہت لعن طعن کی اور کہا کہ اگر آپ ہمیں بتاتے تو ہم اُن کی مناسب تعظیم و تکریم کرتے اور ادب کے ساتھ ان کو بٹھاتے۔ بہرحال اس قسم کے نظارے روزانہ دیکھنے میں آتے ہیں کہ لوگ رشتہ داروں کے ساتھ ملنے سے جی چراتے ہیں تاکہ اُن کی اعلیٰ پوزیشن میں کوئی کمی واقع نہ ہو جائے۔ گویا ماں باپ کا نام روشن کرنا تو الگ رہا اُن کے نام کو بٹہ لگانے والے بن جاتے ہیں اور سوائے ان لوگوں کے جو اس نقطۂ نگاہ سے والدین کی عزت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ والدین کی عزت کرو۔ دنیاداروں میں سے بہت کم لوگ ایسے ہوتے ہیں جو والدین کی پورے طور پر عزت کرتے ہیں اور زمینداروں اور تعلیم یافتہ طبقہ دونوں میں یہی حالات نظر آتے ہیں۔ اسی طرح بعض نوجوان اپنی

باقی صفحہ 5 پر

شذرات اخبارات ورسائل کے فکر انگیز اقتباسات

مکرم شیخ نسیم صاحب

نفاذ اسلام

جناب راجہ انور صاحب مذکورہ بالا عنوان کے تحت لکھتے ہیں:

اگر ’’نفاذ اسلام‘‘ کے بعد ہمارے عوام کی زندگی کا معیار ’’کفار‘‘ سے بہتر نہیں ہوتا تو پھر شاید ہمارا تصور اسلام ادھورا اور خام ہے۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ بحیثیت حکمران رعایا کے حقوق تو ادا نہ کریں اور ان سے فرائض کی انجام دہی کا تقاضا کریں؟ خود تو لینڈ کروزروں پر پھریں اور عوام کے پاس بس پر بیٹھنے کی سکت بھی نہ ہو۔ خود تو قصر ہائے اقتدار میں متمکن ہوں، مگر غریب مسلم عوام اور اقلیتوں کے پاس رہنے کو جھونپڑا بھی میسر نہ ہو، تو کیا ہم اسلام ایسے دین رحمت کو صرف سزاؤں کا مجموعہ تصور کرتے ہیں؟ کیا جج کو قاضی کہہ دینے سے عدالتی نظام کی بدعنوانی ختم ہو جائے گی؟ عوام کو انصاف مل جائے گا؟ سب سے پہلے عوام کے حقوق پورے کیجئے۔

ایک بھوکے کو یہ حق حاصل ہو کہ وہ چوری کرنے سے پہلے چیف منسٹر ہاؤس کے داروغۂ مطبخ سے ہفت خوان نعمت طلب کرسکے تو پھر چوری کے جرم میں اس کے دونوں ہاتھ کاٹ دیجئے۔ اگر عورتوں کے سائن بورڈ توڑنے، سرکسوں کو آگ لگانے اور عوام کی ثقافت کو اسلام کا دشمن ڈیکلئر کرنے سے مہنگائی کم ہوسکتی ہے تو فوراً بسم اللہ کیجئے۔ اگر زندگی کی ہر سہولت سے محروم عوام کی پیٹھ پر درے برسانے سے قومی پیداوار بڑھ سکتی ہے تو پھر اس عمل پر کسی کو کیا اعتراض؟ اگر سڑکوں پر صرف یارحیم اور یاجبار لکھ دینے سے دین الٰہی کے سارے تقاضے پورے ہو سکتے ہیں تو پھر دیر نہ کیجئے۔ اگر یوں ممکن نہیں تو پھر لمحہ بھر کو سوچئے کہ کیا ہم کہیں کسی اور سمت میں تو نہیں چل نکلے؟......

تاریخ اس بات پر متفق ہے کہ جزا وسزا کا نظام خلیفہ دوم حصرت عمرؓ کے دور میں نافذ ہوا اور یہ بھی حقیقت ہے کہ انہوں نے اس کارنیک کا آغاز اپنی ذات سے کیا۔ بندے رہے ایک طرف، انہوں نے اپنی فرماں روائی میں ایک کتے کے بھوکے رہ جانے پر بھی اللہ کے سامنے جوابدہی سے خوف کھایا۔ یہ واقعہ بھی انہی سے منسوب ہے کہ جب وہ مصر کے سرکاری دورے پر نکلے تو ان کے ساتھ کوئی محافظ دستہ تھا اور نہ کوئی شاہانہ جاہ وجلال، صرف ایک اونٹ تھا اور ایک عدد غلام، وہ سارا راستہ غلام کے ساتھ باری باری اونٹ پر سوار ہوتے رہے، تاکہ نہ غلام کی حق تلفی ہو اور نہ بے زباں جانور کو دو آدمیوں کا بوجھ بیک وقت اٹھانا پڑے۔

نصابی کتب میں بچوں کو یہی پڑھایا جاتا ہے کہ جب وہ اپنی منزل پر پہنچے تب ان کا غلام اپنی باری کے مطابق اونٹ پر سوار تھا اور حضرت عمرؓ اس کی نکیل تھامے اس کے آگے چل رہے تھے۔ اور یہ بات بھی کہیں ثابت نہیں ہوتی کہ ان کے دور میں پہلوانوں کی کشتیوں، شعراء کے مشاعروں، گھڑسواری اور شتر سواری کے مقابلوں، شادی بیاہ یا موت مرگ کے رواجوں پر قدغن لگائی گئی ہو۔ اسلام نے عام آدمی کی ثقافت سے کچھ تعرض نہیں کیا۔ اس نے صرف اخلاقی نقائص کو دور کر دیا۔ کہیں جلاؤ گھیراؤ نہیں کیا، کہیں جبر کا ڈنڈا چلایا اور نہ انسان کو ماضی میں واپس دھکیلنے کی سعی کی۔

(روزنامہ ’’خبریں‘‘ لاہور 9 جون 2003ء)

اسباب زوال

جناب رفیق ڈوگر صاحب ایک خطیب کے وعظ پر جس میں انہوں نے اسلامی تعلیمات کے حوالے سے غربت مٹانے کا نسخہ بیان فرمایا تھا۔ تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

’’کیا یہ نسخہ ہمارے حکمرانوں، رہنماؤں اور مذہبی جماعتوں کے قائدین کو بھی معلوم ہے؟

ایک نوجوان نے چندروز پہلے مجھے فوڈ سٹریٹ کا ایک واقعہ بتایا ایک مذہبی جماعت کے ایک بہت بڑے قائد اسلام اپنے باڈی گارڈوں کے ساتھ فوڈ سٹریٹ کھانا کھانے گئے تو گاڑی تو ظاہر ہے ان کے ہم مرتبہ ہی تھی پوری فوڈ سٹریٹ کا چکر لگایا اور ایک رحمانی شاپ پسند فرما کر وہاں مٹی کے پیالے میں پانی پینے کی سنت پر عمل کیا میں نے تو آج تک فوڈ سٹریٹ نہیں دیکھی اخباروں میں اس ’’عیاشی‘‘ کے بارے میں ہی پڑھا سنا ہے۔ سوچتا ہوں علمائے کرام کو گارڈوں اور کئی کئی لاکھ کی گاڑیوں کی کیوں ضرورت ہوتی ہے؟ ان کے اخراجات وہ کہاں سے ادا کرتے ہیں؟ کیا اس بارے میں کبھی کسی نے ان سے پوچھا ہے؟ ان کے ٹیکس کے گوشوارے کسی نے کبھی دیکھے ہیں؟ جس دین کو ہم مانتے ہیں اللہ کے جس رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے نظام کے نفاذ کو ہم سب مصائب سے نجات کا راستہ بتاتے ہیں کیا اس میں اس کی اجازت ہے؟ اگر نہیں تو پھر ہم ایسا کیوں کرتے ہیں؟......

شاہ ولی اللہ کا ایک فرمان پڑھ کر میں کئی روز پریشان رہا۔ برصغیر میں مسلمانوں اور ان کی حکومت کے زوال کے اسباب میں......شاہ صاحب فرماتے ہیں:۔

’’علماء کرام بیت المال سے وظائف لینا اپنا حق سمجھنے لگے ہیں اور ’’ویلیاں کھاتے ہیں‘‘ بیت المال پر پلنے والے کسی پیداواری عمل میں حصہ نہیں لیتے جس سے امت کو نقصان پہنچتا ہے حکمران جرنیل امیر وزیر نمود ونمائش کے مرض میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ بڑے بڑے محلوں میں رہتے ہیں

ہاتھیوں پر سواری کرتے ہیں شادیوں پر بہت خرچ کرتے ہیں اور یہ سارے اخراجات پورے کرنے کے لئے غریبوں اور کاشتکاروں پر ٹیکس بڑھاتے جاتے ہیں جس وجہ سے غریب اور کاشتکار مسلمان بھی ان کے ہمدرد نہیں رہے یہ حکمران طبقے اپنی ''عیاشیوں'' کے اخراجات پورے کرنے کے لئے ملی مفاد پر بھی سودے بازی کر لیتے ہیں۔ شاہ صاحب نے اڑھائی سو سال پہلے جو اسباب زوال بتائے تھے کیا آج ہم میں وہ موجود نہیں؟......

کونسا طبقہ اس مرض سے پاک صاف ہے۔ دنیا کی اقتصادیات مارکیٹ اکانومی کی گرفت میں ہیں تو ہمارا اسلام اور سیاست بھی مارکیٹ اسلام اور نظام بن گئے ہیں۔''

(روزنامہ ''نوائے وقت'' لاہور 9 جون 2003ء)

فرقہ پرستی

جناب ہارون الرشید صاحب مذکورہ بالا عنوان کے تحت لکھتے ہیں:

''ہم اسی وقت توانا اور طاقتور تھے جب روادار تھے مغرب میں مسیحی فرقے ایک دوسرے کا قتل عام کرتے، مخالفوں کو زندہ جلاتے اور حریفوں کی آبادیاں تہہ تیغ کرتے تھے مگر مسلمان معاشروں میں عیسائی، یہودی، قبطی اور ہندو امن اور تحفظ میں زندگی بسر کرتے تھے۔ اب مغرب ہم سے کہیں زیادہ روادار ہے۔ کم از کم اپنی اقوام اور آبادیوں کے لئے۔ ادھر ہم خودکشی پر تلے ہیں اور ہمارے اندر ایسے گروہ پیدا ہو گئے ہیں جو دوسرے فرقوں سے متعلق لوگوں کے قتل کو جنت کا پروانہ سمجھتے ہیں......

اسلام کو صرف مغرب سے مرعوب اور تقلید میں اندھے سیکولرازم سے خطرہ نہیں، ضدی اور فرقہ پرست مولوی بھی اتنا ہی خطرناک ہے گیلپ کا ایک سروے بتاتا ہے کہ خطیبوں کا سب سے بڑا موضوع اسلامی تاریخ ہے۔ شاید اس لئے کہ وہ اس میں عظمت کی جھلک دیکھتے ہیں۔ لیکن المیہ تو یہ ہے کہ اسلام کی پہلی چند صدیوں میں عربوں کے سوا ہمارے علماء اور صوفیا نے تاریخ میں کم ہی جی لگایا حالانکہ قرآن ہمیں اس کے شغف کی طرف مائل کرتا ہے......

''راستے کے چراغ تو علماء ہیں مگر افسوس ان پر شیطان سوار ہو چکا ہے۔ خود پسندی، جاہ پرستی اور تقلید کو وہ ان کا مرض کہتا ہے''۔

(روزنامہ ''جنگ'' لاہور 9 جولائی 2003ء)

بقیہ از صفحہ 4: والدین سے حسن سلوک

ماؤں کی خبرگیری ترک کر دیتے ہیں اور جب پوچھا جاتا ہے تو اُن کا جواب یہ ہوتا ہے کہ اماں جی کی طبیعت تیز ہے اور میری بیوی سے اُن کی بنتی نہیں'۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ''یہ کوئی بات نہیں ہے کیونکہ ماں کا بھی بہرحال ایک مقام ہے۔ پس اس خطرناک نقص کو دور کرو اور اپنے والدین کی خدمت بجالاؤ۔ ورنہ تم اس جنت سے محروم ہو جاؤ گے۔ جو تمہارے ماں باپ کے قدموں کے نیچے رکھی گئی ہے۔''

اللہ تعالیٰ ہمیں ان نصائح پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور والدین کی خدمت کرنے والے اور ان سے حسن سلوک کرنے والے ہوں اور اللہ تعالیٰ اپنی رضا کی راہوں پر ہمیں چلائے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

مکرم زبیر خلیل خان صاحب

ہیومینیٹی فرسٹ کا کروشیا میں امدادی پراجیکٹ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے کروشیا میں گزشتہ سال (2014ء) جماعت کی رجسٹریشن کا کام مکمل ہوا اور اس طرح جماعت احمدیہ کروشیا کی دعوت الی اللہ کی مساعی کے ساتھ ساتھ ہیومینیٹی فرسٹ کے تحت بھی مختلف پراجیکٹس پر کام شروع کر دیا گیا۔ سیلاب زدگان کی مدد کے علاوہ ضرورت مند اور غریب افراد کو اشیائے خورونوش مہیا کی گئیں۔ ایک مقامی ادارہ جو غریب افراد کو روزانہ خوراک مہیا کرتا ہے اس کو خوراک کے لئے اشیاء مہیا کی گئیں۔

امسال کروشیا کے دارالحکومت زاغرب میں ڈاؤن سنڈروم کی بیماری کے شکار بچوں کی تنظیم نے جماعت سے رابطہ کیا اور ایک صد پچاس کے لگ بھگ بچوں اور دیگر ضرورت مند اور غریب افراد کو نظر کی عینکیں مہیا کرنے کی درخواست کی۔ احمدیہ مشن کروشیا نے پراجیکٹ کی تفصیلات تیار کر کے ہیومینیٹی فرسٹ جرمنی کے چیئرمین محترم ڈاکٹر اطہر زبیر صاحب کو بھجوا دیں۔ پراجیکٹ کی منظوری کے بعد مقامی طور پر متاثرہ بچوں اور افراد کی نظروں کے ٹیسٹ کروائے گئے اور مطلوبہ عینکیں مہیا کی گئیں۔

ایک کلاس روم میں ہیومینیٹی فرسٹ کے بینرز لٹکائے گئے۔ رضا کاروں نے ہیومینیٹی فرسٹ کی شرٹیں (shirts) پہنی ہوئی تھیں۔ اس پراجیکٹ کو کروشین میڈیا میں بہت پذیرائی حاصل ہوئی۔ کروشیا کے نیشنل ٹی وی HRT کی ٹیم خاص طور پر ڈاؤن سنڈروم کی بیماری میں شکار بچوں کو دیکھنے آئی اور کروشیا کے ہردلعزیز پروگرام DOBRO JUTRO HRVATSKA یعنی صبح بخیر کروشیا پروگرام میں ہیومینیٹی فرسٹ کے اس پروگرام کے بارہ میں تمام تفصیلات پانچ منٹ تک براہ راست نشر کیں۔

شام کو ایک مقامی سکول کے ہال میں کروشین ممبر پارلیمنٹ محترم مسٹر پانڈک کی صدارت میں پروگرام منعقد کیا گیا۔ جس میں سکول کی پرنسپل کے علاوہ بچوں کے والدین نے بھی شرکت کی۔ اس پروگرام کی بھی مقامی میڈیا نے بھرپور کوریج کی۔

قارئین سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ کروشیا میں جماعت احمدیہ کو روز افزوں ترقی دے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 12 جون 2015ء)

مکرم ڈاکٹر عبدالباری ملک صاحب

ہمارے چچا مکرم ملک عبدالمجید صاحب

ہمارے محترم چچا جان مکرم ملک عبد المجید صاحب (مجید آئرن سٹور، گولبازار ربوہ) کی مورخہ 6 جون 2014ء کو ربوہ میں وفات ہوئی۔ آپ کا شمار ربوہ کے ابتدائی مکینوں اور کاروباری افراد میں ہوتا تھا۔ خاکسار کے والد صاحب نے پارٹیشن کے بعد ڈسکہ میں آئرن سٹور کا کاروبار شروع کیا تھا لیکن کچھ عرصہ کاروبار چلانے کے بعد آپ مشرقی افریقہ روانہ ہو گئے اور اپنے چھوٹے بھائی عبدالمجید صاحب کے حوالے کاروبار کر گئے، چچا جان نے کچھ عرصہ ڈسکہ میں کاروبار چلانے کے بعد ربوہ منتقل ہونے کا فیصلہ کر لیا۔ یہ ربوہ کے ابتدائی ایام تھے اور کاروبار بھی اتنے اچھے نہیں تھے لیکن باوجود مشکلات کے آپ ربوہ میں ہی ڈٹے رہے اور کاروبار چلاتے رہے۔

